کے بارے میں پتہ چل جائے گا' اسی فہرست کو آخر میں بطور ضمیمہ الف بائی ترتیب سے بھی دیا گیا ہے۔ یعنی فہرست میں ''پردہ'' معاشرتی نظام میں درج ہے' لیکن بطور ضمیمہ میں پردہ 'پ' کے تحت درج ہے' وہاں پردہ کو حجاب کے تحت بھی دیا گیا ہے تاکہ دونوں طرح سے آسانی رہے' اگر آخر میں الف بائی فہرست کو دیکھ لیا جائے تب بھی موضوع سے متعلقہ صفحات نمبر معلوم ہو جائیں گے الخ۔ ___ یہ اشاریہ ایک عظیم تحقیقی اور علمی دستاویز ہے' کسی دینی موضوع پر تخصص' ڈاکٹریٹ یا ایم فل کرنے والے حضرات اس سے بھرپور استفادہ کر سکتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس خصوصی اشاریہ یا انڈکس کو ملک کے تمام یونیورسٹیوں کی لائبریریوں تک پہنچایا جائے تاکہ علم و تحقیق کے متلاشی اس سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔

کتاب: حج وعمرہ کی قبولیت مگر کیسے؟ مصنف: ڈاکٹر رحمت الٰہی ضخامت: ۱۲۶ رصفحات

قیمت: ۱۵۰ روپے ملنے کا پتہ: الفوز اکیڈمی سٹریٹ نمبر ۱۵۔ ای۔ ۱۱/۴ اسلام آباد

حج ارکانِ اسلام میں سے اہم رکن ہے اور یہ مالی عبادت بھی ہے اور بدنی بھی اس کے مسائل سے واقفیت ہر مسلمان کیلئے لازمی ہے تاکہ اگر اللہ تعالیٰ کے فضل واحسان سے اس کو حج کی ادائیگی کا موقع نصیب ہوا تو اس کو اس کی ادائیگی کے وقت دقّت نہ ہو اسی طرح عمرہ بھی سنت ہے اور اسکے بعد بھی جدا احکامات اور مسائل ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حج اور عمرہ کے مسائل واحکام اور اس کے فضائل پر لاتعداد کتابیں معرض وجود میں آئی ہیں' اور ہر کتاب میں یہ کوشش کی گئی ہے کہ لوگ ان کے احکام وفضائل اور حکمت ومسائل سے آگاہی حاصل کر سکیں۔ زیر تبصرہ کتاب بھی اسی زرین سلسلہ کی ایک عظیم کڑی ہے۔ جس کو فاضل مولف جناب ڈاکٹر رحمت الٰہی نے انتہائی عرقریزی اور محنت سے ترتیب دیا ہے۔

یہ کتاب تین ابواب پر مشتمل ہے' باب اول حج وعمرہ کے عنوان سے معنون ہے اس باب میں عمرہ کی اہمیت و فضیلت اور اسی طرح حج کی فرضیت وفلسفہ اور اہمیت کے ساتھ ساتھ اس کے دیگر متعلقات مثلاً دعائیں احرام تلبیہ' نیت میقات' مکہ مکرمہ' مسجد حرام' حجر اسود' استلام طواف وسعی مقام ابراہیم' حلق وقصر حج کے ارکان واجبات' قیام منیٰ' وقوف عرفات' قربانی' رمی جمرات اور طواف وداع کا مفصل ذکر ہے جبکہ دوسرے باب میں جس کا عنوان سفرِ مدینہ ہے اس میں محبت رسول ﷺ مسجد نبوی کی زیارت' درود وسلام اس کی فضیلت ریاض الجنۃ اور مدینہ منورہ کے مقدس مقامات' مسنون اذکار اور دعاؤں کا تذکرہ ہے اور باب سوم جس کا موضوع حج کا حاصل ہے' اس میں حج پر جانے سے پہلے حج کے دوران' حج کے بعد اور سفر سے واپسی کی دعائے سے متعلق ہے۔

یہ کتاب حج وعمرہ پر جانے والے خوش نصیب حضرات کے لئے ایک بہترین رہنما ہے۔ بلاشبہ فاضل مؤلف نے ہزارہا صفحات کا نچوڑ اس کتاب میں قارئین کے سامنے پیش کیا ہے' حج وعمرہ پر جانے والے حضرات کے لئے یہ ایک بہترین زادِ راہ ہے اور اس سے باآسانی استفادہ کر سکتے ہیں۔